# راولپنڈی ادارہ وامراض قلب، راولپنڈی

## نیلامِ عام برائے فوٹو کاپی شاپ

**Reference No: RIC/PO/1261/22, dated 04-10-2022**

1۔ درخواست دہندہ کا نام وفون نمبر:--------------------------------------------------------------

2۔ والد کا نام--------------------------------------------------------------

3۔ موجودہ پتہ--------------------------------------------------------------

4۔ مستقل پتہ بمہ پولیس اسٹیشن--------------------------------------------------------------

5۔ قومی شناختی کارڈ نمبر--------------------------------------------------------------

## شرائط

ٹینڈر جمع کروانے کی آخری تاریخ **19-10-2022** وقت **11:00** بجے صبح، بولی **19-10-2022** وقت **11:30** بجے صبح ہوگی۔

6۔ ٹھیکہ **20-10-2022** سے **30-06-2023** تک ہوگا

7۔ محفوظ بولی۔**90,000/-** روپے سالانہ ہوگی۔

8۔ متعلقہ ٹھیکدار کو ٹینڈر فارم کے ساتھ -/50,000 روپے کا کال ڈیپازٹ (قابل واپسی) لگانا ضروری ہے ورنہ وہ بولی میں حصہ نہ لے سکے گا۔

9۔ متعلقہ ٹھیکیدار کو بولی منظور ہونے کے بعد بولی کی تمام رقم یکمشت دس (10) دن کے اندر اندر جمع کروانی ہوگی۔

10۔ بولی منظور ہونے کے بعد ٹینڈر فارم کے ساتھ منسلک کال ڈیپازیٹ بطور کارکردگی جمع کر لی جائیگی جو ہسپتال انتظامیہ کے پاس ٹھیکے کی مدت ختم ہونے تک رہے گی۔

11۔ اگر دس (10) دن کے اندر رقم جمع نہ کروائی گئی تو ٹھیکہ منسوخ کر دیا جائے گا اور کال ڈیپازیٹ بحق سرکار ضبط کر لیا جائے گا۔ جس کے خلاف کسی بھی عدالت میں اپیل نہ ہوسکے گی

12۔ کامیاب ٹھیکدار کسی دوسرے کو اپنا ٹھیکہ منتقل نہیں کر سکے گا۔

13۔ صرف موجودہ جگہ پر کاروبار کی اجازت ہوگی اور کے علاوہ ہسپتال میں کسی فوٹو کاپی مشین لگانے کی اجازت نہ ہوگی۔ خلاف ورزی کرنے پر ٹینڈر منسوخ کمیٹی جرمانہ یا ٹھیکہ منسوخ بھی کر سکتی ہے۔

14۔ ٹھیکیدار نادہندہ ہوگا تو اس کے خلاف اراضی شماریات کے قانون کے مطابق کاروائی کی جائے گی۔

15۔ ٹھیکیدار ہسپتال کی طرف سے فکس کیا گیا بجلی کا بل ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

16۔ اگر کوئی تنازع ہوجاتا ہے تو ایگزیکٹوڈائریکٹر جو بھی فیصلہ کرے گا وہ حتمی اور آخری ہوگا اور متعلقہ ٹھیکیدار اس کا پابند ہوگا۔

17۔ اگر ٹھیکیدار کا کام تسلی بخش نہ ہوا تو ایگزیکٹوڈائریکٹر کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ کسی وقت بھی ٹینڈر منسوخ کر سکتا ہے۔

18۔ متعلقہ ٹھیکیدار اپنے عملہ کے تمام افراد کو سکیورٹی کلیرنس کے بعد ہسپتال کی انتظامیہ کے پاس رجسٹرڈ کرائے گا۔

19۔ متعلقہ ٹھیکیدار ایسا کوئی ملازم نہیں رکھے گا جسے کوئی متعدی بیماری ہو۔

20۔ متعلقہ ٹھیکیدار فوٹو کاپی شاپ کی صفائی کا ذمہ دار ہوگا۔

21۔ فوٹو کاپی شاپ میں ریٹ لسٹ نمایاں جگہ پر واضح کر کے لگانی ہوگی۔

22۔ اگر متعلقہ ٹھیکیدار ریٹ سے زیادہ وصول کرتا پایا گیا تو ایگزیکٹوڈائریکٹر متعلقہ ٹھیکیدار کو جو جرمانہ کریں گے وہ جمع کروانا ہوگا جس کے خلاف کوئی اپیل نہ ہوگی۔

23۔ سرکاری واجبات کے علاوہ ہسپتال ہذا متعلقہ ٹھیکیدار کے کسی بھی لین دین کا ذمہ دار نہ ہوگا۔

24۔ ٹھیکے کی مدت کے دوران حکومت کی طرف سے کسی قسم کا ٹیکس بھی ٹھیکیدار دینے کا پابند ہے۔

25۔ متعلقہ ٹھیکیدار ملازمین کی ریٹ لسٹ میں تبدیلی نہیں کرسکتا۔ جو کہ زیرِ دستخطی سے منظور شدہ ہوگی۔

26۔ میڈیکل سپرنٹنڈنٹ یا ان کی طرف سے مجاز آفیسرز فوٹو کاپی شاپ کی صفائی وغیرہ چیک کرے گے اور اس میں کوئی خرابی پائی گئی تو مبلغ پانچ سو روپے (-/500) یا اس سے زیادہ جرمانہ کرسکے گا جو کہ متعلقہ ٹھیکیدار کو دینا لازمی ہوگا۔

27۔ متعلقہ ٹھیکیدار فوٹو کاپی شاپ کی جگہ سے از خود تجاوز نہیں کریگا۔

28۔ ایگزیکٹو ڈائریکٹر کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ کسی بھی بولی کو منظور یا مسترد کردے۔

29۔ ٹھیکیدار کو 10% انکم ٹیکس اور PST باقاعدگی سے جمع کرانہ ہوگا۔ اس کے علاوہ گورنمنٹ کے تمام ٹیکسیس ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

30۔ ٹھیکیدار بجلی کا بل سب میٹر کے مطابق ماہانہ جمع کروانے کا پابند ہوگا یا ہسپتال انتظامیہ کے مقرر کردہ بجلی کا بل ماہانہ جمع کروانے کا پابند ہوگا۔

31۔ **درج ذیل کاغذات جمع کروانا لازمی ہیں:۔**

(i) -/50,000 روپے کا کال ڈیپازٹ

(ii) نادرہ کے شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی

(iii) بینک بیلنس (Last one year bank balance statement)

(iv) بیانِ حلفی دینا لازمی ہوگا کہ متعلقہ ٹھیکیدار یا اس کا پارٹنر بلیک لسٹ نہیں ہے۔

(v) تین پاسپورٹ سائز تصاویر جو کسی گزیٹڈ آفیسر سے تصدیق شدہ ہوں۔ ایک فرنٹ دو بیک

(vi) سرکاری اداروں سے متعلقہ تجربہ کا سرٹیفیکیٹ لگانا ضروری ہے۔

(vii) متعلقہ ٹھیکیدار کے پاس نیشنل ٹیکس نمبر ہونا لازمی ہے۔

(viii) پروفیشنل ٹیکس سرٹیفیکیٹ

متعلقہ ٹھیکیدار کے دستخط-------------------------------------

شناختی کارڈ نمبر-------------------------------------------

پورا نام اور پتہ بمہ ربڑ سیل-------------------------------------

-------------------------------------------------

**گواہ**

نام------------------------------------------------ دستخط ------------------------------------------------

شناختی کارڈ نمبر-------------------------------------------

مکمل پتہ------------------------------------------------------------------------------------------------------

تاریخ------------------------------------------